© rasailojaraid.com

کے مرحلے سے ضرور گذرنا پڑا اور تحقیق و تفتیش کے سلسلے میں اسے ضرور تختۂ مشق بنایا گیا جیسا کہ اِن خطوط کے حواشی سے معلوم ہوگا۔

اب آپ یہ تینوں ریشمی خط جو ریشمی رومال تحریک کی بنیاد ہیں ملاحظہ کیجیے۔ اِن خطوط کے مطالب کی ضروری تشریح اور مذکورہ شخصیات کا تعارف بھی حواشی میں کرادیا ہے۔

(مسلسل)

---

شاہ اکرام حسین سیکری

# مشاہیر کے سالہائے وفات

ممتاز صنعت کار اور راجپوتانہ ہسپتال کے بانی سیٹھ ولی بھائی اکبر جی کا ۳۱ دسمبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

یادگار سال انتقال سیٹھ ولی بھائی اکبر جی مرحوم

۷۸ ۱۹ء

الجزائر کے صدر حواری بومدین کا ۲۷ دسمبر ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات امامِ سیاست عہدِ جدید جناب حواری بومدین مرحوم۔

۷۸ ۱۹ء

امریکہ کے سابق نائب صدر نیلسن راک فیلر کا ۲۷ جنوری ۱۹۷۹ء کو انتقال ہوگیا

سالِ انتقال، مردِ عاقل، نیلسن راک فیلر آنجہانی

۷۹ ۱۹ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سابق چیف جسٹس ایس، اے رحمان صاحب کا ۱۱ر فروری ۱۹۷۹ء کو انتقال ہوگیا۔

اہم سال وفات جناب جسٹس ایس، اے رحمان صاحب مرحوم

۱۹۷۹ء

مصر کے اخوان المسلمون کے بانی اور مرشد عام جناب شیخ حسن البنّاؒ کو ۱۲ر فروری ۱۹۴۹ء کو قاہرہ کے ایک بازار میں شہید کر دیا گیا۔

آہ، سال شہادت داوِ بیدار شیخ حسن البنّاؒ

۱۹۴۹ء

۱۲ر فروری ۱۹۷۹ء مطابق ۱۴ر ربیع الاوّل ۱۳۹۹ھ یوم پیر کو ایران میں تحریک اسلامی کی مکمل فتح ہوگئی اور علامہ خمینی نے حکومت کا اقتدار سنبھال لیا۔

(۱) جناب من ایران شاہ کی لعنت سے پاک ہوا

۱۳۹۹ھ

(۲) شہید انقلاب، ایران، شاہ کے عذاب سے پاک ہوا

۱۹۷۹ء

تحریک پاکستان کے ممتاز رہنما جناب قاضی محمد اکبر صاحب کا ۱۳ر فروری ۱۹۷۹ء کو انتقال ہوگیا۔

سال وفات محبوبِ عوام قاضی محمّد اکبر

۱۹۷۹ء

© rasailojaraid.com